12/05/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اشفاق امین

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا میں بحران کے چلتے ایندھن کی بچت اور غیر ملکی مصنوعات کے استعمال کو کم کرنے پر زور دیا ہے۔ گجرات کے Vadodra میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا ہے کہ اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے اجتماعی کوششوں کے ساتھ ساتھ سبھی کو مل جل کر اپنی ذمہ داریاں پورا کرنا ہونگی۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جموں کشمیر کرکٹ ٹیم کی رانجی ٹرافی میں شاندار جیت کے سلسلے میں ڈاک و تار محکمے کی طرف سے جاری کئے گئے خصوصی کَوَر اور پوسٹل Envelope کی رسم اجرائی انجام د ی۔ انہوں نے رانجی ٹرافی کرکٹ ٹیم کے اراکین کے ساتھ بات کرتے ہوئے ان کی صلاحیت کی سراہنا کی ۔

اس موقعہ پر جموں کشمیر سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ساگر ہنومان سنگھ اور BCCI سب کمیٹی کے ممبر برگیڈئیر انیل گپتا بھی موجود تھے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گاندربل ضلعے میں گُز ہامہ پُل کے پروجیکٹ کو وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ گاندربل کے دورے کے دوران انہوں نے اس پروجیکٹ کا بر سرِ موقع معائینہ کیا ۔ مقامی لوگوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکار لوگوں کے سبھی مطالبات پورا کرنے کی وعدہ بند ہے ۔

کرائم برانچ

کے Lastiyal Kalaroos کرائم برانچ کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے کپواڑہ ضلعے کے رہنے والے عبد المجید میر نامی ایک شخص کے خلاف تین کیس درج کئے ہیں ۔ ابتدائی تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ شخص نے کئی لوگوں کو سرکاری محکموں اور مالی اداروں میں نوکری دلانے کا جھانسہ دے کر ان سے رقومات اینٹھ لی ہیں ۔

سرینگر

ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے محکمہ مال کے سینئر افسران کی ایک میٹنگ میں ضلع میں اہم ریونیو معاملات بالخصوص محکمہ مال کے ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن کی تحصیل وار پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے افسران کو اس کام میں سرعت لانے کی ہدایت دی تاکہ اس ماہ کے اختتام تک سو فیصد ڈیجیٹائزیشن کا ہدف مکمل کیا جاسکے۔

کولگام

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت جاری سرگرمیوں کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے منزگام میں ایک باسکٹ بال ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا، جس کا مقصد کھیلوں کو فروغ دینا اور نوجوانوں میں منشیات کے استعمال کے خلاف بیداری پیدا کرنا ہے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈی سی نے نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانے میں کھیلوں اور مثبت ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں استعمال کرنے کے لیے ایک تعمیری پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں۔

شوپیان

ضلع ترقیاتی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے افسران کی ایک میٹنگ میں 14 مئی کو متوقع VVIP دورے کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں سیکورٹی، ٹرانسپورٹ، شرکت، پارکنگ سہولیات، پانی و بجلی کی فراہمی، پبلک ایڈریس سسٹم، صفائی ستھرائی، طبی سہولیات اور دیگر ضروری انتظامات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور متعلقہ افسران کو بروقت تمام انتظامات مکمل کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ ڈی سی نے تمام محکموں کے سربراہان کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ باہمی تال میل اور ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں تاکہ تقریب کا انعقاد خوش اسلوبی اور کامیابی کے ساتھ ممکن بنایا جا سکے۔

بین الاقوامی دن

آج نرسوں کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد طبی نگہداشت کے شعبے میں نرسوں کے کلیدی رول کو ا جاگر کر کے ان کی خدمات کا اعتراف کرنا ہے ۔

اس دن کے موقعہ پر شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے نرسوں کو مبارک باد دی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایک نرس طبی خدمات کی فراہمی مینریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے ۔

JKBOSE

جموں و کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے جموں خطے کے گرمائی زون کے دسویں اور بارہویں جماعت کے سالانہ ریگولر امتحانات 2026 کے جوابی پرچوں کی فوٹو کاپیاں حاصل کرنے اور Re-Evaluation فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کا اعلان کیا ہے۔

بورڈ کے جموں ڈویژن کے جوائنٹ سیکریٹری، Secrecy کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق خواہشمند امیدوار جوابی پرچوں کی فوٹو کاپیاں حاصل کرنے کے لیے اپنے آن لائن فارم 16 مئی تک جبکہ Re-Evaluation کے لیے 19 مئی تک بورڈ کی سرکاری ویب سائٹ JKBOSE پر جمع کرا سکتے ہیں۔

موسیقی پروگرام

آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں آج سہ پہر تین بجے موسیقی کا ایک پروگرام منعقد ہو رہا ہے ۔ آکاشوانی کے قیام کے 90 برس مکمل ہونے کے سلسلے میں منعقد کئے جا رہے اس پروگرام میں کئی معروف فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****